© rasailojaraid.com



شفیق فاروقی



# دار العلوم کے شب و روز

**مولانا انظر شاہ کشمیری** | دارالعلوم دیوبند کے عظیم محدث علامہ انور شاہ کشمیریؒ کے صاحبزادے حضرت مولانا انظر شاہ کشمیری دیوبند سے تشریف لائے۔ حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم سے ملاقات کی۔ دوران گفتگو دارالعلوم دیوبند کے ماضی میں زبردست تاریخی کردار، اکابر اساتذہ حضرت شیخ الہندؒ حضرت مدنیؒ۔ علامہ انور شاہ کشمیریؒ۔ مولانا اعزاز علیؒ۔ اور ان کے تدریسی، تصنیفی، علمی اور مجاہدانہ کارناموں کا تذکرہ رہا۔ طلبہ کی خواہش پر مولانا انظر شاہ مدظلہ نے دارالحدیث میں ان سے خطاب بھی فرمایا جو الحق میں بھی شائع کر دیا جائے گا۔ تقریر کے اختتام پہ دارالحدیث میں یہ منظر دیدنی تھا کہ مولانا موصوف حضرت شیخ الحدیث سے اجازت حدیث کی درخواست کر رہے تھے۔ اور حضرت کا اصرار تھا کہ میں اس کا اہل ہی نہیں۔ مولانا کا اصرار ہی رہا۔ بالآخر حضرت نے اجازت حدیث مرحمت فرمائی۔

**ڈاکٹر مصلح الدین کی آمد** | ۱۲ اکتوبر ۱۹۸۲ء مشہور محقق اور سکالر جناب ڈاکٹر مصلح الدین مشیر صدر پاکستان برائے دینی تعلیم (سابقاً مقیم حیدرآباد دکن انڈیا) تشریف لائے۔ دارالعلوم کے دفتر میں حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم العالیہ سے ملاقات کی اور حضرت سے فلسفہ و ریاضی کے اہم مباحث پر گفتگو کی اور محظوظ ہوئے۔ مؤتمر المصنفین، دفتر الحق، کتب خانہ، درسگاہوں، رہائش گاہوں اور دارالحفظ کا معائنہ فرمایا۔ اور مولانا سمیع الحق کی معیت میں دارالعلوم کے شعبہ مڈل سکول کی کلاسوں میں بھی گئے۔ اور دارالعلوم کے کاموں پر دلی مسرت کا اظہار فرمایا۔ وہ اپنے تاثرات میں لکھتے ہیں:

"اس درسگاہ کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا انتظام نہایت ہی پرخلوص اشخاص کے ہاتھ میں ہے اور طلبہ کی رہائش کا اہتمام بوجوہ احسن انجام پا رہا ہے۔"

**چینی علماء اور مسلمانوں کی آمد** | ۱۳ اکتوبر چینی مسلمانوں کا ایک وفد جو فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد پاکستان آیا ہے۔ اور جو ملک کا دورہ کر رہا ہے۔ پروگرام کے مطابق دارالعلوم حقانیہ آیا۔ حضرت شیخ الحدیث

© rasailojaraid.com